بسم اللہ الرحمن الرحیم

"آؤ! نماز پڑھیں" طلبہ ونوجوانوں کے لئے ترغیبی تحریک

ہفتہ واری تربیتی پروگرام برائے طلبہ ونوجوان

سلسلہ نمبر 1

عنوان: ہم ہمارے اللہ سے محبت رکھتے ہیں

پیارے بچو! اتوار کا دن آپ کی چھٹی کا دن ہے۔ چھٹی کا دن عام طور پر پیارے بچوں کیلئے خوشی کا دن ہوتا ہے اور خوشی کے اس دن تمہاری خوشیوں میں اضافہ کرنے کیلئے آج تمہیں یہاں جمع کیا گیا ہے۔ ہم تمہاری خوشیوں پر پانی پھیرنے کا ارادہ نہیں رکھتے بلکہ تمہاری خوشیوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔

پیارے بچو! یقیناً تمہارے ذہنوں میں ضرور یہ سوال پیدا ہوگا کہ تمہاری خوشیوں میں اضافہ ہم کس طرح کریں گے؟ یاد رکھیں! اگر ہمیں دنیا کی ان نعمتوں کے ساتھ دین کے علم کی نعمت مل جاتی ہے تو ایک مسلمان بچہ اور بچی کیلئے یہ خوشی میں اضافہ نہیں تو اور کیا ہے؟

پیارے بچو! ہم ہر چھٹی کے دن یعنی تمہاری خوشی کے دن تم سے ملاقات کریں گے اور تمہاری سطح پر اتر کر تمہارے دین کا علم تمہیں دیں گے۔

پیارے بچو! ہمارے دلوں میں مختلف لوگوں کی یا مختلف چیزوں کی محبت بیٹھ جاتی ہے جیسے ماں باپ کی محبت، بھائی بہنوں کی محبت، چچا اور ماموں کی محبت، خالہ اور پھوپھی کی محبت، دادا دادی اور نانا نانی کی محبت، اسی طرح کھلونوں کی محبت، گیمس کی محبت، مختلف قسم کی سواریوں کی محبت وغیرہ۔

کیا تمہیں معلوم ہے کہ ہمارے تمام جسم کا سردار کون ہے؟ اگر معلوم نہیں تو ہم تمہیں آج بتا دیتے

پیارے بچوں سے چند سوالات

بچو! ہم سوال کریں گے اور جواب تم دو گے۔

1۔ ہمارے سارے جسم کا سردار کونسا عضو ہے؟

2۔ دل کس پر بادشاہت کرتا ہے؟

3۔ اللہ نے ہم کو یہ دل کیوں دیا؟

4۔ وہ کونسا دین ہے جس کی محبت دل میں پیدا کرنا چاہئے؟

5۔ ہمیں اپنے دل میں کس کو یاد رکھنا چاہئے؟

6۔ اگر ہم اللہ کے محبوب اور پسندیدہ ہو جائیں تو کون کون ہم سے محبت کرنے لگ جائیں گے؟

7۔ ہمیں اللہ کے محبوب اور پسندیدہ بننے کے لئے سب سے پہلے کیا کرنا ہوگا؟

8۔ اللہ تعالیٰ کس کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑے گا؟

9۔ تمہارے دین کا نام کیا ہے؟

10۔ تم سب کس کے بندے ہو؟

منجانب

Bidar Betterment Foundation

بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن

Reg. No. BDR-4-197/2022-23

ہیں کہ تمہارے جسم کا سردار تمہارا دل ہے۔ ہاتھ پیر، آنکھ، کان اور زبان تو دل کے حکم پر عمل کرتے ہیں اور دل تو ان تمام اعضاء پر بادشاہت کرتا ہے۔ اب ہم تم سے سوال کرتے ہیں کہ ہم کو پیدا کرنے والے رب نے ہم کو کیوں پیدا کیا اور اس نے یہ دل تم کو کیوں دیا؟ یہ دل اصل میں ہمیں اس لئے دیا گیا کہ ہم اپنے دل میں اپنے رب کی محبت کو جگہ دیں۔

بچو! اپنے رب سے ہمیشہ یہ دعاء مانگتے رہو:

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ، ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلیٰ دِیْنِکَ

اے دلوں کو پلٹنے والے، میرے دل کو اپنے دین پر ثابت اور قائم رکھئے

ہمارے اللہ نے ہم کو جو پیارا دین عطا کیا ہے اس دین اسلام کی دلوں میں محبت پیدا کرو اور دل ہی دل میں اپنے رب کو ہمیشہ یاد رکھو اور ادھر اُدھر کی بیکار باتوں کی بجائے اپنی زبان سے اللہ اللہ اللہ پڑھا کرو۔

یاد رکھو! جب تم سچے دل سے اپنے رب کو یاد رکھو گے تو تمہیں بڑا مزہ آئے گا۔ مزہ صرف کھانے پینے اور کھیلنے ہی میں نہیں ہے، تم سب کھانے پینے اور کھیلنے کودنے کے مزے بھی خوب حاصل کرو مگر یاد رکھو! سب سے زیادہ مزہ ہمارے اللہ کو یاد کرنے میں آئے گا۔ تم اکیلے میں بیٹھ کر اپنے اس رب کو یاد کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے لئے مختلف قسم کی ترکاریاں، پھل پھلاریاں اور میوے عطا کئے اور مختلف قسم کا اناج تم کو دیا تمہاری زندگی میں تمہیں خوشیاں عطا کیں۔

بچو! تم یہ تو چاہتے ہو کہ سارے لوگ تم سے محبت کریں اور تمہارا دل چاہتا ہے کہ لوگ تم کو محبت کی نگاہ سے دیکھیں۔ تم چاہتے ہو کہ تمہارے ماں باپ تم سے محبت کریں، تمہارے بھائی بہن تم سے محبت کریں، تمہارے رشتہ دار تم سے محبت کریں، تمہارے دوست و احباب تم سے محبت کریں۔

یقینا تمہارا اس طرح چاہنا بہت اچھی بات ہے۔ ہم آج تم سے ایک اور ذات کی محبت کی بات کرتے ہیں وہ ہے اللہ تعالیٰ کی ذات۔ ہمیشہ تمہارے دل میں یہ طلب اور تڑپ ہونی چاہئے کہ تمہارا حقیقی خالق اور مالک رب ذوالجلال یعنی اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے اور تم اس اللہ کے پیارے بندے بن جاؤ۔

بچو! یاد رکھو! اگر تم اللہ کے محبوب اور پسندیدہ بن جاؤ گے تو دنیا کے سارے لوگ چھوٹے بڑے سب کے سب تم سے محبت کرنے لگ جائیں گے۔ تم کوشش کرو کہ تم اللہ کے محبوب اور پسندیدہ بن جاؤ۔

آج کے اس پہلے سبق میں ایک بات ہم تم کو بتاتے ہوئے اپنی بات ختم کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ اگر تم واقعی یہ چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب اور پسندیدہ بن جاؤ تو تمہیں سب سے پہلے ایک اہم کام کرنا ہوگا وہ یہ کہ تمہیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فرمانبرداری کرنی ہوگی۔ جب تم سچے دل سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کہی ہوئی باتوں پر عمل کرو گے، اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت اور فرمانبرداری کرو گے تو یاد رکھو! تم اللہ کے محبوب اور پسندیدہ بن جاؤ گے۔

یہ بات یاد رکھو! اللہ تعالیٰ اپنے پسندیدہ اور محبوب بندوں کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑے گا۔ آؤ! آج سے ہم اپنے پیارے اللہ جی کے پیارے اور محبوب بن جائیں اور دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو جائیں۔